Roll No..

Total No. of Questions : **11**] [*Total No. of Printed Pages* : **7**

ED–1070

B.A. B.Ed. (Ist Year) Examination, 2022

URDU

Paper–II (CC-1)

(Jadeed Nazm)

Time : 3 Hours] [*Maximum Marks : 60*

SECTION–A

Answer all eight questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 8 = 16)**

(حصہ-الف)

سبھی 8 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer all five questions. Each question has internal choice (Answer limit 200 words). Each question carries 4 marks. **(Marks : 4 × 5 = 20)**

(حصہ-ب)

سبھی5سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال داخلی انتخاب رکھتا ہے(جواب200الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے4نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any three questions out of five (Answer limit 500 words). Each question carries 8 marks. **(Marks : 8 × 3 = 24)**

(حصہ-ج)

5 میں سے کن ہی 3 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں تحریر کیجئے۔ تمام مختصر سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

(i) نظیرؔ اکبرآبادی کب پیدا ہوئے تھے؟

(ii) سرورؔ جہان آبادی کا پورا نام کیا تھا؟

(iii) شاعری میں مولانا حالیؔ کس کے شاگرد تھے؟

(iv) مولانا حالیؔ کہاں پیدا ہوئے تھے؟

(v) ''فضائے برشگال'' کس کی نظم ہے؟

(vi) چکبستؔ کا پورا نام لکھئے۔

(vii) علامہ اقبالؔ کی دو مشہور نظموں کے نام لکھئے۔

(viii) شاعری میں اقبالؔ نے کس کی شاگردی اختیار کی؟

SECTION–B

(حصہ-ب)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کا جواب 200 الفاظ سے زائد نہ ہو۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

2 مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق وسباق کے کیجئے:

سچ کہہ دوں اے برہمن، گر تو برا نہ مانے

تیرے صنم کدوں کے بت ہو گئے پرانے

اپنوں سے بیر رکھنا تو نے بتوں سے سیکھا

جنگ وجدل سکھایا واعظ کو بھی خدا نے

پتھر کی مورتوں میں سمجھا ہے تو خدا ہے

خاکِ وطن کا مجھ کو ہر ذرّہ دیوتا ہے

(یا)

یہ موجودہ طریقے راہیِ ملِ عدم ہوں گے

نئی تہذیب ہوگی اور نئے ساماں بہم ہوں گے

نئے عنوان سے زینت دکھائیں گے حسیں اپنی

نہ ایسا پیچ زلفوں میں، نہ گیسو میں یہ خم ہوں گے

نہ خاتونوں میں رہ جائے گی یہ پردے کی پابندی

نہ گھونگھٹ اس طرح سے حاجبِ روئے صنم ہوں گے

3 اردو میں جدید شاعری کے آغاز کے کیا اسباب تھے؟ واضح کیجئے۔

(یا)

جدید اردو شاعری کو مقبول بنانے میں کن شعراء نے حصہ لیا؟ وضاحت کیجئے۔

4 ''نظیر اکبرآبادی ایک عوامی شاعر تھے'' مثالوں سے واضح کیجئے۔

(یا)

اردو میں آزاد نظم کی ابتدا کیسے ہوئی؟ تحریر کیجئے۔

5 نظم کی مختلف اقسام کی فہرست مرتب کیجئے۔

(یا)

نظمِ معرا کی اہم خصوصیات تحریر کیجئے۔

6 نظیؔر اکبرآبادی کی نظم ''بنجارہ نامہ'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟ تحریر کیجئے۔

(یا)

نظم ''رامائن کا ایک سین'' پر تبصرہ کیجئے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کن ہی تین (3) سوالوں کے جواب پانچ سو (500) الفاظ میں تحریر کیجئے۔

سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

7 جدید اردو شاعری کے آغاز و ارتقا پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

8 نظیرؔ اکبرآبادی ایک قومی اور عوامی شاعر تھے؟ دلائل سے واضح کیجئے۔

9 اکبرؔ الہ آبادی کے حالاتِ زندگی اور شاعری پر اظہار خیال کیجئے۔

10 جدید اردو شاعری کے فروغ میں مولانا حالیؔ کے مقام کا تعین کیجئے۔

11 چکبستؔ کے حالاتِ زندگی اور نظم نگاری پر تبصرہ کیجئے۔